## سوال

(296) عورت نمازِ جمعہ پڑھ لے تو ظہر ساقط ہوجاتی ہے؟

## جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

کیا عورت نماز جمعہ پڑھ لے تو ظہر کی نماز اس سے ساقط ہوجاتی ہے؟

---

# الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

جب کسی عورت نے امام جمعہ کے ساتھ جمعہ کی نماز پڑھی ہو تو یہ اس کے لیے نماز ظہر سے کافی ہے۔ اسے اس دن کی ظہر کی نماز پڑھنا جائز نہیں ہے۔ لیکن اگر وہ اکیلی نماز پڑھے تو اسے صرف ظہر پڑھنا ہوگی، جمعہ نہیں پڑھ سکتی۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

## احکام و مسائل، خواتین کا انسائیکلوپیڈیا

## صفحہ نمبر 261

## محدث فتویٰ